کیا۔ ۲۳ اپریل کو دار بنی ہاشم ملتان میں خطبۂ جمعہ دیا۔ ۲۷، اپریل کو دار بنی ہاشم میں مجلس ذکر حسین سے اور ۳۰، اپریل کو دار بنی ہاشم میں اجتماع جمعہ سے خطاب کیا۔ ۳، مئی کو لاہور روانہ ہوئے۔ آپ ۳ تا ۶ مئی لاہور میں قیام کریں گے۔ ۷، مئی کو دار بنی ہاشم میں خطبۂ جمعہ دیں گے۔ ۹، مئی کو چناب نگر مسجد احرار پہنچیں گے اور ۱۰، مئی کو سلانوالی میں ایک دینی اجتماع سے خطاب کریں گے۔

سید محمد کفیل بخاری ہر ماہ کی ۷ تا ۱۵ تاریخ احرار مرکز لاہور میں قیام کریں گے۔ احباب ان تاریخوں میں لاہور کے پتہ پر رابطہ قائم کریں۔ فون: 042-5865465

رنگِ سخن

تلاوت کی صدا آتی نہیں ہے
کوئی لب پر دعا آتی نہیں ہے
یہ دنیا خلد سے بڑھ کر حسیں ہے
ہمیں یادِ خدا آتی نہیں ہے
کچھ ان کا حسن بھی توبہ شکن ہے
ہمیں کبھی کچھ حیا آتی نہیں ہے
بڑی سرعت سے پنکھے چل رہے ہیں
مگر ہم تک ہوا آتی نہیں ہے
غریبوں کا مقدر ہیں بگولے
یہاں بادِ صبا آتی نہیں ہے
گرانی بے طلب ملتی ہے تائب
جو مانگو تو قضا آتی نہیں ہے

پروفیسر محمد اکرام تائب عارف والا